
سچ کی آواز
SACH KI AWAZ www.sachkiawaz.com



اورنگ زیب آج کے مؤرخوں کی نگاہوں میں ایک ظالم و جابر حکمراں سمجھا جاتا ہے دہلی کا اورنگ زیب روڈ فرقہ پرستوں کی کارروائی کا شکار ہو چکا ہے وہاں پر اورنگ زیب کے لگے کتبہ پر کالک پوتی گئی تھی بعد میں سرکار نے اس روڈ کا نام ہی تبدیل کر کے اے پی جے عبدالکلام کے نام پر رکھ دیا گیا۔اورنگ زیب کے کردار اور ان کی حکومت کو جس طرح نشانہ بنایا گیا وہ آج کی تاریخ کا بدترین المیہ ہے اورنگ زیب پر کٹر دشمنی کا الزام لگایا جاتا ہے۔اورنگ زیب پر اسلام کے فروغ کے لئے سکھوں کے قتل کا الزام لگایا جاتاہے حالانکہ تاریخ کی ایک حقیقت یہ ہے کہ اورنگ زیب نے ایک عورت کی عزت بچانے کے لئے وارانسی میں اپنی فوج بھیجی تھی۔کتنے مواقع پر اورنگ زیب نے ایک عادل حکمراں کا رول ادا کیا۔اپنے ہی کئی سپہ سالاروں کو ہندوئوں کو نقصان پہنچانے کی وجہ سے قتل کر دیا۔کون جانتا ہے کہ دربھنگہ راج اورنگ زیب کی دی ہوئی جاگیر ہے۔کون جانتا ہے کہ اورنگ زیب کو ہندو مسلم دوستی کا سبق پڑھانے والے مولوی جمن تھے۔ان کے کہنے پر ہی دربھنگہ کی جاگیر غیر مسلم کو عطا کی گئی تھی، جو بعد میں دربھنگہ مہاراج کے نام سے مشہور ہوئے، جس میں آج للت نارائن متھلا یونیورسٹی قائم ہے کون جانتا ہے کہ کاشی اور گیا کی پتر پکش مندر کو اورنگزیب کی جانب سے سالانہ گرانٹ ملتا تھا اہل گیا کی اور نگ زیب سے بہت عقیدت تھی وہاں کے ہندوئوں میں اور نگ زیب بہت مقبول تھے یہی وجہ ہے کہ وہاں کے ایک راجا ٹکاری مہا راج نے اورنگ زیب کی تحریر کر دہ قرآن کو خطیر رقم دے کر خریدا تھا یہ قرآن آج بھی ٹکاری مہا راج دربار کی لائبریری میں محفوظ ہے۔لیکن مؤرخین اور تاریخ آج بھی اس معاملے میں خاموش ہیں۔ اورنگ زیب نے چین کو شکست دے کر کیلاش مان سروور کو فتح کیا تھا اور ہندئوں کو سونپا تھا۔ لیکن آج بھی اور نگ زیب معتو ب زمانہ ہے اس کی ہر کار کر دگی پر مٹی ڈالی جا رہی ہے۔مانسرروور کے فتح کی تاریخ بھی تنازع کا شکار ہو رہی ہے کو ئی اسے جعلی تاریخ کہہ رہا ہے تو کوئی اسے اقوام متحدہ میں نہرو کے سوال سے جوڑ رہا ہے بہر حال یہ سب باتیں اہل سیاست اور مورخ جانیں اس تنازع سے قطع نظر آج کا خصوصی صفحہ اورنگ زیب کی فیاضی، رواداری، ہندو مسلم دوستی اور اعلی ظرفی کی شناخت پیش کرتا ہے۔




# اورنگ زیب کی رواداری پر سوال

**مغل** شہنشاہ اورنگ زیب اپنے خانوادے کا واحد حکمراں ہے جس نے طویل عمر بھی پائی اور ایک طویل عمر میدان جنگ میں گذارا اور 45 سال تک وہ گھوڑے پر ہی سوار رہے۔ان کا دور ایک عظیم دور تھا، متحدہ ہندوستان کی سلطنت برما سے لیکر افغانستان تک تھی۔اورنگ زیب کو ظالم حکمراں قرار دینے والے ان کے پوشیدہ کردار کونہیں جانتے کہ یہ شخص اسلامی شریعت کا پابند تھا تو دوسری طرف حکومت کے نظام کو چلانے کیلئے رواداری کا بھی قائل تھا۔ نظام سلطنت سے چاہتا تو بہت کچھ لے سکتا تھا لیکن کہتے ہیں کہ اسکی خوشخط تحریر کی دنیا میں بہت قیمت تھی، باہر کے ملکوں میں اورنگ زیب کے ہاتھ کے لکھے ہوئے قرآن بیش قیمت ہوا کرتے تھے۔ آج بھی ہندوستان کے لائبریریوں میں اورنگ زیب کی تحریر کا جمال اور ایک حکمراں کے فن کا کمال دیکھا جاسکتا ہے۔اورنگ زیب کے لکھے قرآن کو بڑے بڑے رؤسا امرا ہی خرید سکتے تھے۔ یہی ہنر اورنگ زیب کے ذریعہ معاش تھا۔

لیکن وقت کا المیہ یہ بھی ہے جس بادشاہ نے ایک طویل عرصہ تک متحدہ ہندوستان پر حکمرانی کی ایک پیسہ بھی اپنی ذات پر نظام حکومت سے نہیں لیا۔ ایمانداری کا ایسا بے مثال بادشاہ آج معتوب زمانہ ہے۔اس پر سب سے بڑا الزام ہندو دشمن ہونے کا لگایا جاتا ہے۔ جزیہ کے تعلق سے اس کے ہندو دشمنی کی خوب خوب تشہیر کی جاتی ہے لیکن جزیہ کیوں لگایا گیا کن پر لگایا گیا کس پس منظر میں لگایا گیا اس کو اجاگر کرنے کے بجائے ہمارے مورخین ایک سازش کے تحت اورنگ زیب کو ہندو دشمن قرار دے رہے ہیں۔ جبکہ اورنگ زیب گنگا جمنی تہذیب کو فروغ دینے کیلئے ایسے ایسے کارنامے انجام دیئے ہیں جو ہندوستانی مسلم حکمرانوں کے وقار اور حکمرانی کو جلا بخشتے ہیں اور ملک کی دیرینہ تہذیب کا آئینہ ہے۔

قارئین کو ہم کیلاش مانسرور کی طرف لے چلتے ہیں جو ہندوؤں کا ایک عظیم تیرتھ گاہ ہے۔ جہاں شردھالوؤں کی ایک بڑی جماعت جاتی ہے۔ سرکار بھی شردھالوؤں کی سہولت کے لئے کروڑوں خرچ کرتی ہے۔ لیکن یہ بات کوئی نہیں جانتا کہ ہندوؤں کی عظیم تیرتھ گاہ چین کے قبضے میں تھی جہاں جانا ممکن نہیں تھا تو ہندوؤں نے اپنے بادشاہ سے اپیل کی کہ وہ اس عظیم ترتھ گاہ کو چینیوں سے آزاد کرائیں تا کہ وہ وہاں کا درشن کر سکے۔اورنگ زیب ایک لشکر جرار کے ساتھ چین کی طرف روانہ ہوا اور اورنگ زیب نے چین کو ہرا کر کیلاش مانسرور قبضہ کیا اور برادران وطن کے حوالے کیا۔ حالانکہ آج اس خبر کو جعلی قرارا دیا جا رہا ہے طرح طرح کے پیشن گوئیاں کی جا رہی ہیں کہ اورنگ زیب کبھی چین گیا ہی نہیں۔ یہ بھی بتایا جا رہا ہے کہ میر جملہ نے 1662 میں آسام کے آہوم نسل کے راجا کو ہرایا لیکن وہ وہاں پھنس گئے اور پھر وہاں سے ایک سال بعد واپس لوٹ آئے۔ لیکن اورنگ زیب مخالفین مورخین یہ قبول ضرور کرتے ہیں کہ مغل دور میں تہذیبی ثقافتی اور مذہبی خطہ میں بہتری ضرور آئی۔ حالانکہ بہت سارے مورخین آج بھی اورنگ زیب کے چین جانے کی بات کو غلط کہتے ہیں البتہ میر جملہ کے آسام جانے کی بات ضرور کہتے ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ اگر کبھی اورنگ زیب نے چین پر قبضہ کرنے کا جو منصوبہ بنایا ہوگا تو صرف کیلاش پروت تک ہی محدود نہیں ہوگا۔

بہر حال اورنگ زیب آج بھی معتوب زمانہ ہے ایک طرف اس پر الزام ہے کہ اس جیسا کٹر ہندو دشمن حکمراں کبھی چین گیا ہی نہیں لیکن اورنگ زیب کی حکمرانی پر تو تنقید تو ہوتی ہے اس کی دریادلی اور رواداری کو نظرانداز کر دیا جاتا ہے۔اورنگ زیب کبھی ہندو مخالف نہیں تھے، جولائی 2017 جنتر منتر پر مودی حکومت کے خلاف ایک مظاہرے میں یہ کہا گیا تھا کہ اورنگ زیب ہندو مخالف نہیں تھے اسی زمانے میں دہلی کے اورنگ زیب روڈ بدلنے کا منظر نامہ ابھرا تھا۔ سابق راجیہ سبھا رکن محمد ادیب نے بھی اپنی تقریر میں کہا تھا کہ اورنگ زیب ہندو مخالف نہیں تھے۔اس دوران معروف دانشور یوگیندر یادو و دیگر رہنما بھی موجود تھے۔


محمد ادیب کا کہنا ہے کہ جب سابق وزیر اعظم جواہر لال نہرو نے اقوام متحدہ سے کیلاش پروت بھارت کو لوٹانے کے لئے کہا تھا جسے چین نے ہندوستان سے جنگ کے بعد قبضہ کر لیا تھا تب چین نے جواب دیا تھا کہ اس نے وہی حصہ واپس لیا ہے جو اس سے اورنگ زیب نے چھینا تھا، بہر حال اورنگ زیب رواداری کا ایک تاریخی مثال قائم کرے اس پر مورخین بھویں تنی ہوئیں تھیں۔تاریخ کے حقائق کے تہہ میں جانے کے بجائے اس خبر کو جعلی ثابت کرنے کی کوشش ہو رہی ہے لیکن سوال تو یہ ہوتا ہے کہ آخر چین نے نہرو کی باتوں کا جواب یہ کہہ کر کیوں دیا کہ اس نے وہی حصہ قبضہ کیا ہے جو اورنگ زیب نے اس سے چھینا تھا۔

(پی این این نیوز ڈیسک)



قارئین کو ہم کیلاش مانسرور کی طرف لے چلتے ہیں جو ہندوؤں کی ایک عظیم تیرتھ گاہ ہے۔ جہاں شردھالوؤں کی ایک بڑی جماعت جاتی ہے۔ سرکار بھی شردھالوؤں کی سہولت کے لئے کروڑوں خرچ کرتی ہے۔ لیکن یہ بات کوئی نہیں جانتا کہ ہندوؤں کی عظیم تیرتھ گاہ چین کے قبضے میں تھی جہاں جانا ممکن نہیں تھا تو ہندوؤں نے اپنے بادشاہ سے اپیل کی کہ وہ اس عظیم ترتھ گاہ کو چینیوں سے آزاد کرائیں تا کہ وہ وہاں کا درشن کر سکے۔اورنگ زیب ایک لشکر جرار کے ساتھ چین کے طرف روانہ ہوا اور اورنگ زیب نے چین کو ہرا کر کیلاش مانسرور قبضہ کیا اور برادران وطن کے حوالے کیا۔ حالانکہ آج اس خبر کو جعلی قرارا دیا جا رہا ہے طرح طرح کی پیشن گوئیاں کی جا رہی ہیں کہ اورنگ زیب کبھی چین گیا ہی نہیں۔

اورنگ زیب کو ظالم حکمراں قرار دینے والے ان کے پوشیدہ کردار کو نہیں جانتے کہ یہ شخص اسلامی شریعت کا پابند تھا تو دوسری طرف حکومت کے نظام کو چلانے کیلئے رواداری کا بھی قائل تھا۔ نظام سلطنت سے چاہتا تو بہت کچھ لے سکتا تھا لیکن کہتے ہیں کہ اسکی خوشخط تحریر کی دنیا میں بہت قیمت تھی، باہر کے ملکوں میں اورنگ زیب کے ہاتھ کے لکھے ہوئے قرآن بیش قیمت ہوا کرتے تھے۔ آج بھی ہندوستان کے لائبریریوں میں اورنگ زیب کی تحریر کا جمال اور ایک حکمراں کے فن کا کمال دیکھا جاسکتا ہے۔ اورنگ زیب کے لکھے قرآن کو بڑے بڑے رؤسا امرا ہی خرید سکتے تھے۔ یہی ہنر اورنگ زیب کے ذریعہ معاش تھا۔


اورنگ آباد میں اورنگ زیب عالم گیر کی آخری آرام گاہ


کیلاش مانسرور


متھلا یونیورسٹی دربھنگا


پتریکش میلے کے تحت عقیدت مند

